محکمہ اعلیٰ تعلیم صوبہ خیبر پختونخواہ

سوال نمبر: 15343

منجانب: محترمہ جناب شگفتہ ملک صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی

نمبر شمار	سوال	نمبر شمار	جواب
	کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشادفرمائیں گے کہ		
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخواہ کی جامعات میں طلباء وطالبات منشیات کا استعمال کرتے ہیں جس میں سب سے خطرناک آئس نشہ بھی ہے؟	(الف)	صوبہ خیبر پختونخوا کی تمام جامعات میں ہر قسم کی منشیات بشمول آئس پر سخت پابندی ہے۔اس ضمن میں انتظامیہ اس مہلک ناسور کے عدم استعمال کو یقینی بنانے کیلئے انتہائی سخت اقدامات عمل میں لاچکی ہے۔ یہاں تک کہ یونیورسٹی کی حدود میں تمباکونوشی پر بھی مکمل پابندی ہے۔
(ب)	اگرالف کا جواب اثبات میں ہوتو مذکورہ جامعات میں منشیات کون اورکس کی مدد سے مہیا کی جاتی ہیں اور حکومت نے اس کی روک تھام کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں نیز اب تک آئس نشہ میں ملوث افراد کے خلاف کیا کاروائی عمل میں لائی گئی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	(ب)	اس ضمن میں عرض ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کی تمام جامعات کی انتظامیہ نے منشیات کی روک تھام کیلئے موثر کاروائی کی ہے اور طلباء وطالبات کو اس حوالے سے ورکشاپس اور سیمینار کے ذریعے آگاہی دی جاتی ہے۔ اب تک کسی بھی یونیورسٹی میں کوئی بھی منشیات کا عادی فرد نہیں پایا گیا ہے۔